Volume II
No. 21

SP II-21-76 (E)
250

# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

**Monday, April 5, 1976**

**CONTENTS**

| | PAGE |
|---|---|
| Starred Questions and Answers .. .. .. .. .. .. | 365 |
| Adjournment Motion *Re*: Apathy of Government towards textile Industry which has run into deep crisis—*Ruled out* .. .. .. .. | 367 |
| Message from the National Assembly *Re*: Adoption of the National Insurance Corporation Bill, 1976—*Read out* .. .. .. .. .. | 371 |
| Message from the National Assembly *Re*: Adoption of the Labour Laws (Amendment) Bill, 1976—*Read out* .. .. .. .. .. | 371 |
| Message from the National Assembly *Re*: Adoption of the Drugs Bill, 1976—*Read out* .. .. .. .. .. .. .. | 371 |
| Intimation *Re*: Arrest of Senator Mohammad Haneef Ramay—*Read out* .. | 372 |
| The Employees' Old-Age Benefits Bill, 1976—*Passed* .. .. .. | 372 |
| Leave of Absence .. .. .. .. .. .. .. | 389 |
| The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 1976—*Deferred for further consideration* .. .. .. .. .. .. .. | 390 |

PRINTED BY THE MANAGER PRINTING CORPORATION OF PAKISTAN PRESS, KARACHI
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI : 1977
*Price : Paisa* 50

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

---

**Monday, April 5, 1976**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber (State Bank Building), Islamabad, at five of the clock in the evening, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

---

(Recitation from the Holy Quran)

---

## STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Chairman:** Now, we will take up questions.

**Khawaja Mohammad Safdar:** 79, Sir.

**Mr. Chairman:** Question No. 79 ?

**Malik Mohammad Akhtar** (Minister for Law and Parliamentary Affairs): Sir, I make a request on behalf of the Minister for Finance that questions No. 79 and 80 be deferred as he has gone to Karachi enroute to Quetta.

**Mr. Chairman:** Should his questions be deferred ?

**Malik Mohammad Akhtar:** 79 and 80, Sir.

**Mr. Chairman:** All these questions relate to Finance Minister.

**Malik Mohammad Akhtar:** 81, we will be taken up, Sir.

**Mr. Chairman:** All these questions ?

**Malik Mohammad Akhtar:** 79 and 80 be deferred and 81 can be taken up.

**Mr. Chairman:** Question 79 is deferred. It has to be answered by Rana Mohammad Hanif Khan, Finance Minister and then question No. 80.

**Khawaja Mohammad Safdar:** 81, Sir.

**Mr. Chairman:** 79 and 80, do you want these two questions ?

**Malik Mohammad Akhtar:** 79 and 80 be deferred, Sir.

**Mr. Chairman:** Be deferred?

**خواجہ محمد صفدر:** کوئی بات نہیں -

**Mr. Chairman:** What about 79 and 80?

**خواجہ محمد صفدر:** ڈیفر کریں -

**Mr. Chairman:** Have you no objection?

**خواجہ محمد صفدر:** یہ تو روزانہ کا قصہ ھے - اب بھی فائنانس منسٹر موجود نہیں ھیں -

**Mr. Chairman:** These have to be deferred to a date when the Finance Minister is present.

**Malik Mohammad Akhtar:** When it comes next, Sir.

**Mr. Chairman:** Yes, when he is present.

Well, then questions No. 79 and 80 both stand deferred until the Finance Minister is present. They have to be set down for a day when he is present, but the Press has not to report them, because the questions have not been asked.

**خواجہ محمد صفدر:** جناب اتنا تو وہ رپورٹ کریں گے کہ منسٹر صاحب نہیں آتے ھیں تو انکے سوالات بھی رہ جاتے ھیں اتنا تو وہ رپورٹ کریں گے -

**Mr. Kamran Khan:** Point of order, Sir. I have not received any such thing on the Orders of the Day. Question 81 is not on the Orders of the Day.

**خواجہ محمد صفدر:** صفحہ ۲۱ پر دیکھیں -

**راو عبدالستار (قائد ایوان):** صفحہ ۲۱ پر ھے -

**Mr. Kamran Khan:** I am sorry.

**Mr. Chairman:** What is worrying him?

PRODUCTION OF TEXTILES ETC.

81. ***Khawaja Mohammad Safdar:** Will the Minister for Industries, Kashmir Affairs and Northern Affairs be pleased to state the province-wise production of the following articles during the years 1972-73, 1973-74, 1974-75 and 1975-76 (July to December):

(i) cotton cloth,

(ii) cotton yarn,

(iii) woollen cloth,

(iv) vegetable Ghee,

(v) cement (Grey),

(vi) cement (White),

(vii) cigarettes,

(viii) matches,

(ix) fertilizers,

(x) art silk and rayon cloth, and

(xi) mild steel products?

**Syed Qaim Ali Shah Jillani** (Read by Malik Mohammad Akhtar): Information is being collected and would be placed on the Table of the House as soon as available.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! یہ نمبر ۸۱ سوال ڈیفر بھی ھو گیا - کیونکہ وہ کہتے ھیں کہ وہ تیار نہیں ھیں ابھی جواب تیار کر رھے ھیں -

جناب چیئرمین : وہ یہ نہیں کہتے کہ ھم تیار نہیں ھیں بلکہ جواب تیار نہیں ھے -

خواجہ محمد صفدر : وہی بات ھوئی یا یہ خود غیر حاضر یا انکے اور لا غیر حاضر دونوں میں ایک غیر حاضر -

جناب چیئرمین : منسٹر صاحب کو تو ٹیبل پر نہیں رکھا جا سکتا جواب کو رکھا جا سکتا ھے -

خواجہ محمد صفدر : درست ھے، میں منسٹر صاحب کی میں بھی عزت کرتا ھوں اور انکے جواب کی بھی عزت کرتا ھوں -

**Mr. Chairman:** Now, you can put supplementary.

(*Interruptions*)

**Mr. Chairman:** The answer is not ready. When it will be made available, it will be placed on the Table of the House. Now, adjournment motion No. 53. Yes, Haji Sahib, please move.

## ADJOURNMENT MOTION *RE*: APATHY OF GOVERNMENT TOWARDS TEXTILE INDUSTRY WHICH HAS RUN INTO DEEP CRISIS.

**Haji Sayed Hussain Shah:** Sir, I beg leave of the House to move a motion for the adjournment of the business of the Senate to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, that the Textile Industry has run into a deep crisis and apathy of the Government towards this industry has caused grave resentment in the minds of the public of Pakistan This news was published in the Daily Dawn of Karachi dated the 2nd April, 1976.

**Malik Mohammad Akhtar:** It is opposed. Sir, I consider that it may also be deferred. I have received the notice just now. It was tabled today at 1.40 p.m., and I came to know of it when I came to the Assembly, and I tried to have some information, besides the technical grounds on which it may be opposed.

**Mr. Chairman:** Will you please read out the press report? That will give some idea.

**Haji Sayed Hussain Shah:** "TEXTILE INDUSTRY RUNS INTO CRISIS. INCREASING COST, LOW DEMAND IN WORLD MARKET.

The textile industry has run into a deep crisis again this time mainly because of repidly increasing input costs and low demand in the international market. Out of 100 textile units, only 15 have shown profit. The remaining are reported to have suffered losses and are experiencing serious financial difficulties. Though the recession in the international market was receding and demand had increased to some extent but the tempo was not rapid enough. On the other hand, the prices of raw materials and machinery were increasing continuously........"

**Mr. Chairman:** Leave it, we have now understood. How can you say that this is not continuing process?

حاجی سید حسین شاہ : جناب والا! گذارش یہ ہے کہ گذشتہ سال سے گذشتہ سال یہ انڈسٹری یہ صنعت جو ہے بحران میں پھنس گئی ہے لہذا . . .

انڈسٹری یہ صنعت جو ہے بحران میں پھنس گئی ہے لہذا . . .

جناب چیئرمین : یہ بحران تو پانچ تاریخ کو نہیں اٹھا یہ بھی تو عرصہ سے چلا آ رہا ہے چند ہفتوں سے چند مہینوں سے آ رہا ہے ۔

حاجی سید حسین شاہ : ابھی ہوا ہے آپ ذرا مجھے آگے پڑھنے تو دیجئے یہ جو حکومت نے سیمنٹ، فرنیس آئل اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ کیا ہے اسکے سبب . . .

جناب چیئرمین : ہاں یہ تو ہمیں معلوم ہے ۔

حاجی سید حسین شاہ : ذرا مجھے پڑھنے دیجئے یہ لکھا ہوا ہے ۔

جناب چیئرمین : پڑھنے تو میں دونگا لیکن آپ پڑھیں گے کیا؟

حاجی سید حسین شاہ : جناب والا! یہ ہماری بہت بڑی صنعت ہے ۔

جناب چیئرمین : میں نے کب کہا ہے کہ یہ بہت بڑی صنعت نہیں ہے میں تو صرف یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ جو نقصان ہو رہا ہے اسکی کوئی وجوہات ہیں جو عرصے سے چلی آ رہی ہیں ۔

It is a matter of public importance but not a recent occurrence.

ریسنٹ اکرینس نہیں ہے، suddenly یا

حاجی سید حسین شاہ : جناب والا! یہ suddenly ہے اب دوبارہ پھر یہ بحران میں مبتلا ہو گئی ہے ۔

جناب چیرمین : پانچ تاریخ کی صبح کو ۔

حاجی سید حسین شاہ : یہ ابھی ہوا ہے بالکل ریسنٹ ہے ۔

جناب چیرمین : دیکھئے نا حاجی صاحب ایڈجنرنمنٹ موشن وہ ھوتا ھے میں عرض کر دوں آپ ٹھیک فرماتے ھیں کہ یہ امپارٹنٹ ھے نیشنل چیز ھے نقصان دہ ھے یہ تمام چیزیں میں مانتا ھوں پبلک امپارٹینس بھی ھے یہ تو میں نہیں کہتا کہ یہ نہیں ھے لیکن سوال یہ ھے کہ ایڈجنرنمنٹ موشن تب آتا ھے کہ :

All of a sudden something happens, there is mishap, there is some urgency or there is some disaster, some crisis, which we do not know, but all of a sudden it happens.

all of a sudden ایسے آتا ھے کہ ھم بالکل حواس باختہ ھو جاتے ھیں اور کہتے ھیں سب کچھ چھوڑ دیجئیے سینٹ کی کاروائی کو بند کر دیں آو ھم پہلے اسکو ڈسکس کریں یہاں اس نیچر کا ھونا چاھیئے -

Because you want the business of the House to be adjourned only for the purpose of discussing this one matter but this must be of urgent nature

یہ all of a sudden ابھی ابھی arise ھوا ھو اسکے معنے یہ ھیں -

حاجی سید حسین شاہ : ابھی ابھی حکومت نے فرنیس آئل، گیس اور سمینٹ کی قیمتیں بڑھائی ھیں تو اس سے یہ بحران میں پھنس گئی ھے -

جناب چیئرمین : رولنگ والے تو بڑے سخت ھیں وہ کہتے ھیں کہ اگر دو دن پہلے ھوا ھے اور آپ ایک دن بھی لیٹ ھو جائیں تو آپ ایڈجنرنمنٹ موشن موو نہیں کر سکتے -

حاجی سید حسین شاہ : جناب والا ! یہ ۲ تاریخ کو رپورٹ ھوئی ھے اور آج پہلا سینٹ کا اجلاس ھے ایسے تو نہیں -

جناب چیئرمین : میں نے یہ تو نہیں کہا کہ آپ لیٹ آ گئے ھیں ٹیکنیکل گراونڈ پر دراصل یہ بہت عرصے سے سلسلہ چل رھا ھے - ھاں مولانا صاحب آپ فرمائیے ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اجازت ھے جناب والا ! آپ نے بجا ارشاد فرمایا کہ ارجنٹ پبلک امپارٹینس جو ھے وہ اسمیں یہاں موجود ھے -

جناب چیئرمین : پبلک امپارٹینس کا میں نے کہا ھے ارجنٹ نہیں کہا -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جی ہاں میں سمجھتا ھوں لیکن ملک کی ۱۶۰ کے قریب ٹیکسٹائل ملیں ...

**Malik Mohammad Akhtar:** He is getting into merits.

**Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi:** No merits.

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, he is entering into the merits. He has only to satisfy that it is a recent matter and not continuing as pointed out by him.

**Mr. Chairman:** I will not allow him to discuss the merits.

بس ایک بات وہ اس واسطے کی کہ وہ اس رپورٹ میں دی ہوئی ہے اس رپورٹ میں دی ہوئی ہے کہ بہت عرصے سے وہ فیکٹرز چلے آ رہے ہیں

Certain factors have been mentioned but the motion loses the element of urgency.

اگر سالوں سے نہیں تو مہینوں سے سہی یا ہفتوں سے ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : سر ! اسمیں موجود ہے میں عرض کروں -

جناب چیئرمین : ہاں لیکن میرٹ پر نہ بولئے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : نہیں میرٹ پر نہیں -

جناب چیئرمین : ٹیکنیکل بات ہو ایک بات میں جانتا ہوں -

It is not urgent, and is a continuing process.

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : حضور والا ! جناب چیئرمین ! یہ ارجنٹ ہے میں اس لئے آپکی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ارجنٹ اس لئے کہ اس انڈسٹری کا تعلق عوام سے ہے -

جناب چیئرمین : نہیں، نہیں وہ تو پبلک امپارٹینس ہے وہ تو میں بھی جانتا ہوں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : ارجنٹ پبلک امپارٹینس تو ہو گئی -

جناب چیئرمین : پبلک امپارٹینس کے ساتھ it is not urgent کیونکہ urgent کے معنے suddenly ہو جاتے ہیں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : یہ suddenly ہے جناب چیئرمین ! اگر اچانک کوئی بھی چیز آتی ہے تو اس میں شک نہیں کہ اچانک کوئی بھی چیز بغیر کسی عمل کے نہیں آتی ایک عمل اور تسلسل کے نتیجے میں اچانک ایک چیز ظہور پذیر ہو جاتی ہے اور خیال یہ ہوتا ہے کہ یہ چیز ظہور پذیر نہیں ہوگی ایک عمل ہے چل رہا ہے لیکن اچانک اس کا نتیجہ خراب نکلتا ہے اچانک حکومت بہت سے عملی اقدامات ایسے کرتی ہے یا فرض کیجئے کہ ٹیکسٹائل ایسوسی ایشن ہی کرتی ہے، ممکن ہے یہ حکومت نے کیا ہو یا حکومت نے کسی ادارے نے کیا ہو، بورڈ آف ایکسپورٹ پروموشن بیورو نے کیا ہو، بورڈ آف ٹریڈ نے کیا ہو، کاٹن بورڈ نے کیا ہو، کسی نے بھی کیا ہو مطلب یہ ہے کہ وہ سمجھ رہے تھے کہ smoothly یہ چیز چلتی رہے گی لیکن اچانک ایسی چیز پیش آ گئی suddenly اور اچانک ان کو یہ معلوم ہوا کہ اس سے بہت بڑا نقصان ہو رہا ہے بہرحال جناب چیئرمین ! انکو ملاحظہ فرمائیے کہ ارجنسی ہے ارجنٹ میٹر بھی ضرور اس میں ہے -

جناب چیئرمین : میں نے عرض کیا ہے کہ ارجنٹ اس sense میں نہیں ہے کہ all of a sudden یہ arise نہیں ہوا -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : یہ all of a sudden arise ہوا ہے، آپ اس پر غور فرما لیں -

جناب چیئرمین : خواجہ صاحب پرانے پارلیمنٹیرین ہیں، میں تو انکو منع نہیں کرتا -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب چیئرمین ! بڑا اہم مسئلہ ہے - ٹیکسٹائل انڈسٹری کا جس ملک میں اتنا نقصان ہو رہا ہو -

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, if he persists in talking in this way, I will have to make a request that the speech may be expunged.

خواجہ محمد صفدر : جناب expungement اور ہوتی ہے -

حاجی سید حسین شاہ : جناب والا ! میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں -

جناب چیئرمین : کیا ارجنٹس کے متعلق فرمانا چاہتے ہیں ؟ Not admitted Disallowed.

حاجی سید حسین شاہ : جناب والا ! چھ ماہ میں آٹھ کروڑ پچھتر لاکھ ...

جناب چیئرمین : میں نے فیصلہ دے دیا ہے -

Rightly or wrongly, I have given my ruling.

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *RE* : ADOPTION OF THE NATIONAL INSURANCE CORPORATION BILL, 1976

**Mr. Chairman :** Now, I have to read out some messages from the National Assembly Secretariat addressed to this Secretariat.

The messages are :

"In pursuance of Rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National Assembly passed the National Insurance Corporation Bill, 1976 on 2nd April, 1976. A copy of the Bill is transmitted herewith."

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *RE* : ADOPTION OF THE LABOUR LAWS (AMENDMENT) BILL, 1976

**Mr. Chairman :** Another message :

"In pursuance of Rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National Assembly passed the Labour Laws Bill, 1976 on 2nd April, 1976. A copy of the Bill is transmitted herewith."

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *RE* : ADOPTION OF THE DRUGS BILL, 1976

**Mr. Chairman :** Another message :

"In pursuance of Rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National Assembly passed the Drugs Bill, 1976 on 2nd April, 1976. A copy of the Bill is transmitted herewith."

[Mr. Chairman]

## INTIMATION *RE*: ARREST OF SENATOR MOHAMMAD HANEEF RAMAY

**Mr. Chairman:** Then we take up leave applications. This is a telegram from the Superintendent, Camp Jail, Lahore which reads:

"Chairman, Senate, Islamabad.

Mr. Haneef Ramay was admitted on 30th March in this Jail under section 40 of Defence of Pakistan Rules."

**خواجہ محمد صفدر**: کیا میں آپ سے پوچھ سکتا ہوں کہ رامے صاحب کو کس کلاس میں رکھا گیا ہے؟

**Mr. Chairman:** I have some idea of some message from some gentleman stating that he has been given better class. Better means not 'C' class.

(*Pause*)

**Mr. Chairman:** Oh, yes. This is the message which reads:

"On 30th March the above named Senator, namely, Senator Haneef Ramay s|o. Ch. Ghulam Hussain was admitted in this jail in the following cases..."

Cases are then quoted. Thereafter it reads:

"He is granted better class in Jail."

## THE EMPLOYEES' OLD-AGE BENEFITS BILL, 1976

**Mr. Chairman:** Now, we take up legislative business. The other day I think you were considering the motion that the Bill be passed, that is, the third reading. Was the motion with regard to the third reading moved?

**Mr. Abdul Sattar Gabol (Minister of State for Labour and Manpower):** Yes, Sir.

**Mr. Chairman:** All right, did you make a speech? Who moved the motion?

**Mr. Abdul Sattar Gabol:** I moved the motion. Now, it is for them to oppose.

**Khawaja Mohammad Safdar:** We have opposed. Now, it is for them to say something.

**Mr. Chairman:** Well, they have opposed. Now, you can make a statement.

**جناب عبدالستار گبول**: جناب چیئرمین! پہلی خواندگی میں خواجہ صاحب اور دوسرے دوستوں نے جو تجاویز پیش کیں ان میں سے کافی منظور کر لی گئیں، یہ old-age benefits کا بل جو ہم نے پیش کیا ہے، یہ کافی عرصے سے workers کی ڈیمانڈ تھی کہ کوئی ایسا قانون آئے، سوشل سیکورٹی، workmen compensation ایکٹ کے تحت ورکرز کو کافی

سیکورٹی ملتی تھی لیکن اس میں یہ تھا وہ injury کی صورت میں facility ملتی تھی، اب اس حکومت نے ورکرز کو ریٹائرمنٹ پر old-age الاونس دینے کا فیصلہ کیا ہے، ہم سمجھتے ہیں ۔ ۔ اس بل پر ورکرز کافی خوش ہوں گے - یہ درست ہے کہ یہ ۷۵ روپے پندرہ سال کے بعد ملیں گے، حکومت ان تمام چیزوں کو محسوس کرتی ہے لیکن حالات کو بھی دیکھنا پڑتا ہے، وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ جیسے جیسے مناسب سمجھیں گے ہم اور مراعات مزدوروں کو دیں گے کوئی یہ آخری فیصلہ نہیں ہے - کہ بس بھائی ! اب اس کے بعد کچھ نہیں ملے گا کیونکہ اب یہ تھرڈ ریڈنگ ہے اب تقریریں نہیں ہوں گی اس لئے میں انھی چند الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

جناب چیئرمین : یس خواجہ صاحب !

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! اس میں کوئی شک نہیں - کہ اس بل کے جو اغراض و مقاصد بیان کئے گئے تھے، ان اغراض و مقاصد کے ساتھ حزب اختلاف کو کل بھی اتفاق تھا اور آج بھی اتفاق ہے، ہمیں اگر اختلاف تھا تو ان مقاصد کے حصول کے لئے جو طریقہ تجویز کیا گیا تھا، اس سے تھا - جناب والا ! محترم وزیر مملکت نے ابھی ابھی ارشاد فرمایا ہے - کہ انہوں نے بہت سی ترامیم خواہ وہ اپوزیشن کی طرف سے تھیں یا حکومتی بینچز کی طرف سے تھیں، قبول فرمائی ہیں - اس میں کوئی شک نہیں ہے - کہ انہوں نے بہت سی ترامیم قبول کی ہیں لیکن جہانتک میں اس بل کو جس شکل میں اس وقت ایوان کے سامنے ہے، سمجھ سکا ہوں وہ یہ ہے - کہ اس بل میں کوئی بنیادی تبدیلی نہیں ہوئی جو ہم کرنا چاہتے تھے - جناب والا ! محترم وزیر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے - کہ مزدور اس سے بہت خوش ہوں گے ممکن ہے انکی اطلاع ایسی ہو - کہ مزدور اس سے خوش ہیں لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے - کہ مزدوروں کو ۱۹۸۱ء تک اس بل سے کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا اور مزدوروں کی غالب اکثریت کو ۱۹۹۱ء تک بھی اس بل سے کوئی فائدہ نہیں پہنچتا، وہ احمق ہوں گے جو اس بل سے خوش ہوئے ہیں - ابھی حال ہی میں محترم وزیر اعظم صاحب نے قوم سے خطاب کرتے ہوئے یہ مژدہ سنایا تھا - کہ ہم محنت کشوں کے لئے ایسا قانون لا رہے ہیں جس سے انہیں پنشن ملا کرے گی ظاہر ہے - کہ تقریر میں تفاصیل نہیں بتا سکتے، اس بات سے میں بھی خوش ہوا تھا - وزیر اعظم صاحب نے ارشاد فرمایا - کہ محنت کشوں کو پنشن ملے گی لیکن یہ معلوم نہیں تھا کہ کب ملے گی اس پٹارے سے جب بلی نکلے گی تو وہ میاوں ۱۹۸۱ء میں کرے گی اور اس سے موثر نتائج ۱۹۹۱ء سے پہلے پیدا نہیں ہوں گے، پندرہ سال بعد ......

(مداخلت)

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! اس قسم کی بیکار قانون سازی ۱۹۷۲ء میں ارباب اقتدار نے نیشنل اسمبلی سے پاس کروائی تھی اور اس کا نام تھا امپلائیز اولڈ ایجز پنشن آرڈیننس -

**Malik Mohammad Akhtar:** On a point of order, Sir. I would like to draw your attention to rule 98 on page 59. It says:

> "The discussion on a motion that the Bill be passed shall be confined to the submission of arguments either in support of the Bill or for the rejection of the Bill..."

Now, there is a condition:

> "...In making his speech a member shall not refer to the details of the Bill further than it is necessary for the purpose of his arguments which shall be of a general character".

So, Sir, to mention at this stage that whatever has been mentioned, I am sure, all that which the honourable Member is stating, was either wrong when he made his first speech, or it is irrelevant at this stage. I consider if we allow a general discussion and debate on its principles then there is going to be no end to time to be consumed by the legislation. It is the 40th day, Sir, and this is the 7th Bill. If this is going to happen then what is going to be the outcome of our performance in the Senate. I only request him to follow the rules.

<u>جناب چیئرمین</u> : یس خواجہ صاحب -

<u>خواجہ محمد صفدر</u> : میں اس بل کو اپوز کر رہا ہوں - اس بل کی مخالفت کر رہا ہوں اور اس میں میرے یہ دلائل ہیں کہ اس قسم کا ایک بیکار قانون ۱۹۷۲ء میں بھی بنا تھا جس سے کسی کو فائدہ نہیں پہنچا اور اگر یہ بھی بنے گا تو اس سے بھی کسی کو فائدہ نہیں پہنچے گا -

**Mr. Chairman:** You can say that but not enter into the details.

<u>خواجہ محمد صفدر</u> : میں تفصیلات میں نہیں جاتا - مجھے معلوم ہے کہ اس کا سکوپ کس حد تک ہے - میں محترم وزیر قانون کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجھے یاد دلایا کہ میں تھرڈ ریڈنگ کے سکوپ سے باہر نہ جاؤں - ویسے ان کی اطلاع کے لئے عرض ہے کہ مجھے معلوم تھا کہ یہ اعتراض ہوگا - I have come prepared

**Mr. Chairman:** How did you know that this objection will be raised?

<u>خواجہ محمد صفدر</u> : میں اپنے دوستوں کو آج تک نہ پہچان سکا تو پھر یہ بال ایسے ہی سفید کر لئے -

**Malik Mohammad Akhtar:** But we are concerned with our ruling.

**Mr. Chairman:** Without any ruling it is quite obvious.

خواجہ محمد صفدر : یہ کتاب میں اپنے ساتھ لایا ہوں اور اس کے صفحہ ۲۸۱ پر تیسری خواندگی کا سکوپ دیا ہوا ہے -

جناب چیئرمین : ہمیں بھی معلوم ہے -

خواجہ محمد صفدر : میں وزیر قانون کی خدمت میں ادب سے پیش کرنا چاہتا ہوں -

جناب چیئرمین : انہوں نے تو کہا ہے کہ اتنی ڈیٹیل میں نہ جاو -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس بل سے موجودہ صورت میں جس طرح کہ یہ اس وقت ایوان کے سامنے ہے کسی کو اس سے فوری طور پر کوئی فائدہ نہیں ہوگا - البتہ اس بل کے ذریعے ہماری صنعتوں پر ایک بار ضرور اثر پڑ جائے گا - ابھی ابھی آپ کے سامنے ایک تحریک التواء آئی تھی جس کی اجازت آپ نے نہیں دی تھی اس کی بنیاد یہی تھی کہ ایک خاص صنعت میں بحران کیوں پیدا ہوا ہے اس کی معلومات کی لاگت قیمت بڑھ گئی ہے - اور اب ظاہر ہے کہ یہ پانچ فیصد چندہ جو کہ ہر مزدور کی اجرت کے حساب سے وصول کیا جائے گا یہ کوئی صنعت کار اپنے گھر سے لاکر نہیں دے گا یہ یقیناً لاگت میں شمار ہوگا اور لاگت جب بڑھے گی تو ظاہر ہے کہ مصنوعات کی قیمت میں اضافہ ہوگا اگر وہ شے برآمد ہو رہی ہے تو باہر کے ملکوں میں قیمت کے لحاظ سے اس کی ساکھ گر جائے گی - جناب والا ! ایک طرف مزدور، جس کا ہم بھلا چاہتے ہیں اس کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ رہا اور دوسری طرف ہم قیمتوں میں اضافے کا سبب بن رہے ہیں اس قانون کے وضع کرنے کا ایک اور مطلب بھی ہے مجھے انتہائی خوشی ہوتی اگر صنعت پر اور بوجھ ڈال دیا جاتا جو کہ آخر کار صارفین پر پڑتا ہے - صارفین شاید اس کو گریز بھی نہ کرتے کیونکہ ایسا طبقہ جو کہ دن رات مزدوری کرتا ہے اور اپنے خون پسینے کی کمائی سے روزی کماتا ہے اگر اس کو کوئی فائدہ ہو جائے تو یقیناً اس ملک کے لوگ خوش ہوں گے لیکن افسوس کہ اس کو بھی کوئی فائدہ نہیں پہنچ رہا ہے - میں نے جناب والا ! یہ متبادل تجویز دی تھی کہ اگر اس کی جگہ پراویڈنٹ فنڈ قائم کر لیا جائے تو اس بل کے اغراض و مقاصد حاصل ہو جائیں گے بلکہ اس سے ہم مزدوروں کو زیادہ فائدہ پہنچائیں گے - جناب والا ! میں نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ اس قسم کی قانون سازی ۱۹۷۲ء سے موجود ہے اور اس سے مزدوروں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ رہا ہے ہم کیوں نہ مزدوروں کے فوری فائدہ کے لئے کوئی قدم اٹھائیں - لیکن مجھے افسوس ہے کہ محترم وزیر صاحب اس قانون میں کوئی بنیادی تبدیلی کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں - شاید وہ بھی مجبور ہوں کیونکہ ہو سکتا ہے کہ کیبنٹ کے فیصلہ کی رو سے اس بل کو اس شکل میں رکھنا ضروری ہے - میں یہ عرض کروں گا کہ یہ نہ صرف غیر موثر اور بیکار قانون ہے بلکہ اس کے علاوہ اگر آپ اس کی تفاصیل میں جائیں تو یقیناً آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ جس قانون کے ذریعے ایک انسٹیٹیوشن جو ہم بنا رہے ہیں اس کو کروڑوں روپے کی آمدنی ہوگی - اس کو کیا ضرورت پڑی ہے قرضہ

[Khawaja Mohammad Safdar]

اٹھانے کی - کیوں ھم اسے اختیار دیں کہ وہ قرضہ بھی برداشت کر سکتی ھے - کیا اس ادارے نے کوئی کاروبار کرنا ھے کم از کم اس بل کے متن سے یہ ظاہر نہیں ھوتا اور اس نے کوئی کاروبار بھی نہیں کرنا - اس نے صرف جمع شدہ سرمائے سے پندرہ سال کے بعد مزدور کو پنشن ادا کرنی ھے اور پنشن بھی اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر - اس مہنگائی کے دور میں اور چند سالوں کے بعد اگر اسی شرح سے قیمتیں بڑھتی گئیں تو مجھے معلوم نہیں کہ وہ ایک وقت کا کھانا بھی مقررہ پنشن سے بازار سے حاصل کر سکے گا یا نہیں - کم از کم میں یہ کہتا ھوں کہ وہ سات سال کے بعد اپنے بال بچوں کے لئے کچھ نہیں کر سکے گا - تو اس قسم کا لا یعنی اور لغو قسم کی قانون سازی جس سے کسی طبقے کا کوئی بھلا نہ ھو وہ اس ایوان سے پاس کروانا میں سمجھتا ھوں کہ حد درجہ زیادتی ھوگی اور میں محترم وزیر مملکت سے نہایت ھی ادب کے ساتھ استدعا کروں گا کہ وہ ازراہ کرم اپنے اس فیصلے پر دوبارہ غور کریں کہ آیا یہ مناسب نہ ھوگا کہ اس بل کو واپس لیا جائے اور ایک ایسا بل اس ایوان میں پاس کیا جائے کہ جس سے محنت کش طبقے کو فائدہ پہنچ سکے اور جو اصل مقاصد اس بل کے ھیں وہ حاصل ھو سکیں - شکریہ -

جناب چیئرمین : شکریہ - فرمائیے کامران صاحب -

**Mr. Kamran Khan:** Mr. Chairman, Sir, there is a profusion of laws, particularly laws relating to workers in this country and it has created a sort of conclusion. It is not only working as a dismcentive to investment in the country by Pakistani entrepreneurs but it is also scaring away the foreign investors. Sir, no foreign investor would like to come and invest in this country and get caught in the maze of laws.

Now, Sir only the other day in this House we passed a law relating to labour. So it would be better to consolidate all the labour laws and simplify them so that this confusion is removed.

Now, Sir, there is a basic flow in this law. The institution will be receiving contribution from the employers at the rate of 50% of wages of the employees whereas it will give a fixed amount of Rs. 75|-p.m. after fifteen years. Sir, after fifteen years very few employees would be entitled to get this benefit — hardly 10%, because there are so many workers who would leave the job and no whereabouts of these workers would be known. For instance, the contractors would be made to contribute 5% of the wages of wards this fund but, Sir, the workers employed by the contractors are not wholetime workers. The work on daily wages and after a few months they go and take up some other job. So, Sir, I fail to understand how the workers who work on daily wages would be benefited from this. Sir, the daily wage earners would not be benefited from this law. So, far the Government has not brought about any law for the benefit of the wage earners. They are a very important section of the working class and they have been neglected throughout.

Another thing is that 5% contribution from the employers would be increasing with the rise in the wages of the workers but on the other hand the employees would be receiving only a fixed amount of Rs. 75|- and that also will go to a very few people, very few employees would be benefited from this, as I pointed out earlier.

Now, the amount of Rs. 75 in the present conditions is not adequate specially when the person grows old and he retires and he has children and grand children and he needs more comforts, farm clothes and fuel to that his house. So in the present-day conditions Rs. 75, are not adequate and as my Hone'able friend has pointed out after 15 years the value of this amount would be hardly adequate. Sir, I have worked out for the benefit of this House what the actual value of this amount would be. If we allow, say a rise of 10%, in the prices, which is a very very conservative estimate, this Rs. 75, would hardly be beneficial to buy goods worth Rs. 18 after fifteen years and that too if the prices do not go higher than 10%. I really agree with Khawaja Sahib that the workers would hardly be able to buy a square meal. So, Sir, it is a very poor consolation for the workers and the Minister of State should, as he has been reasonable in the second reading and he accepted some amendments from this side as well as from that side, I think he will be reasonable and withdraw this legislation and bring about a consolidated law which will substantially benefit the workers and which may be something really worth having. With these words I thank you.

جناب چیئرمین : آپ کچھ فرمانا چاھتے ھیں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : نماز کا وقت ھو رہا ھے - اس کے بعد عرض کرونگا -

**Mr. Chairman:** All right, we will meet after 20 minutes. The House is adjourned for 20 minutes and must meet at quarter to seven.

---

The House Adjourned for *Maghrib* Prayers

---

The House Reassembled After *Maghrib* Prayers

---

**Mr. Abdul Sattar Gabol:** Sir, some of the Members wanted to speak. They are not here and I don't want to add anything. The motion is made.

**Malik Mohammad Akhtar:** We are 12, Sir.

**Mr. Chairman:** Beg your pardon!

**Malik Mohammad Akhtar:** We are 12, Sir, including Chairman.

(Mr. Chairman counted the number of Members present in the House).

جناب چیئرمین : مولانا صاحب آپ فرما رھے تھے - آپ ذرا دیر سے آئے ھیں - آپ کا تو وعدہ تھا کہ میں پونے سات بجے پہنچ جاوں گا -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں تو یہاں حاضر تھا - اصل میں کورم نہیں تھا -

جناب چیئرمین : کورم کے متعلق آپ کیسے کہہ سکتے ھیں - آپ کو فرشتوں نے اطلاع دے دی تھی کہ کورم نہیں ھے ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : ابھی پانچ منٹ ھی ھوئے تھے کہ میں نماز پڑھ کر دیکھتا ھوا گیا تھا کہ کورم نہیں ھے -

جناب چیئرمین : یہ پھر آپ کا فرض نہیں تھا کہ آپ کورم پورا کریں ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں نے کہا کہ جب ھو جائے گا تو ھم آ جائیں گے -

جناب چیئرمین : جب آپ آئیں گے ہی نہیں تو کیسے ھو جائے گا - عجیب منطق ھے آپ کی -

خواجہ محمد صفدر : یہ ھمارے ہی آنے سے ھوا ھے -

جناب چیئرمین : یہ بغیر آپ کے کیسے ھو سکتا ھے - اگر ہر ایک یہ کہے کہ ھو جائے گا تو میں جاوں گا -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اب ھمیں خیال ھوا کہ چلو اگر ھمارے جانے سی ہی ھوگا تو ھم چلتے ھیں - ملک صاحب اکیلے بھی کورم پورا کر لیتے ھیں - اب جب وہ چلے گئے تو میں نے کہا کہ اب ھم پورا کر دیتے ھیں - حضور والا ! میں یہ عرض کرنا چاھتا تھا کہ یہ اولڈ ایج بینیفٹ بل جو ھے پہلے آرڈیننس تھا اب بل ھوگا - اس میں چند باتیں ایسی ھیں جو کہ بادی النظر میں، اچٹتی ھوئی نظر ڈالی جائے تو ایسی معلوم ھوتی ھیں جن سے اتفاق نہیں کیا جا سکتا - جوں جوں اس بل کی گہرائی میں جایا جائے تو پورے طور پر یہ بات واضح ھو جاتی ھے کہ بل میں دفعات اس قسم کی ھیں کہ جن سے نہ ہی مزدوروں کو فائدہ ھے اور نہ ہی ان کے وارثوں کو کوئی فائدہ پہنچ سکتا ھے - جہاں ھم مزدوروں کو فائدہ پہنچانے کی کوشش کرتے ھیں گو اس سے مقصد یہ ھوتا ھے کہ مزدور اور اس کے ساتھ پورا کنبہ پورا گھرانہ پورے خاندان میں خوشحالی کی ایک لہر دوڑ جائے اور جس مقصد کے لئے وہ محنت مزدوری کر رھا ھے اس کے دوسرے متعلقین اس سے پوری طرح مستفیز ھوں اس سے بہرحال انہیں کوئی فائدہ نہیں ھوگا - میں حضور والا ! اس میں خاص طور سے آپ کی توجہ اس پر مبذول کراوں گا کہ مزدوروں کے فنڈ سے ایک انسٹیٹیوشن مقرر کیا ھے -

(اس مرحلے پر جناب صدارت کنندہ آفیسر سینیٹر کمال اظفر کرسی صدارت پر متمکن ھوئے)

جناب چیئرمین ! میں عرض کر رھا تھا کہ مزدوروں کے لئے ایک انسٹیٹیوشن مقرر کیا گیا ھے اور اس کے کچھ اغراض و مقاصد ھوں گے اور اس میں بورڈ آف ٹرسٹیز بھی ھوگا - یہ انتظام کے لئے ھوتا ھے اس انسٹیٹیوشن کی نگرانی کرنے والا عملہ بھی ھوگا ۔ وہ تمام رقم جو مزدوروں کے نام سے جمع کی گئی ھے اس سلسلے میں یہ بات بھی کہہ دی گئی ھے کہ وہ باقاعدہ کسی ایک بینک میں محفوظ کر دی جائے گی -

**Malik Mohammad Akhtar:** On a point of order, Sir. The honourable Senator is going in minute details and I only you to point out this to him. I don't want to curtain his speech.

جناب صدارت کننده آفیسر : مولانا صاحب پہلے بھی رول ۵۹ کی طرف توجہ دلائی گئی تھی تو آپ اس کے دائرے کے اندر رہ کر بات کریں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! میں نے اسے بڑے غور سے پڑھا ہے دیکھا ہے اس کو سمجھنے کی کوشش کی ہے -

**Malik Mohammad Akhtar:** Then, Sir, I would like to have your ruling, because he wants to discuss it. I have raised a point of order and he wants to discuss it. He is not competent to read it out when it has already been read in the House.

**Mr. Presiding Officer:** I think the Law Minister has just drawn the attention.

پہلے بھی اس جانب توجہ دلائی گئی تھی - پہلے بھی ایک دفعہ اس کا ذکر ہو چکا ہے - جس طرح آپ پہلے فرما رہے تھے اسی طرح اپنی تقریر جاری رکھیں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! کلاز بائی کلاز ڈسکشن نہیں ہو رہی وہ ختم ہو گئی ہے تو عام بحث میں بل کی افادیت پر بغیر کسی نشاندہی کے کیسے روشنی ڈال سکتا ہوں چند خاص چیزیں جو کہ اس بل میں ہیں اور جن کی بناء پر میں اپوز کر رہا ہوں ان کی نشاندہی میں کروں گا تو جناب چیئرمین ! آپ ملاحظہ فرمائیں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : تقریباً کتنی دیر تک آپ تقریر کریں گے - کیا اندازہ ہے ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میرے خیال میں اس میں وقت کی کوئی قید نہیں ہے - میں بول سکتا ہوں - اگر آپ وقت کی پابندی لگانا چاہتے ہیں تو آپ کو اختیار ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میں پابندی نہیں لگانا چاہتا تھا میں پوچھ رہا تھا - آپ ارشاد فرمائیے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : تقریباً پندرہ منٹ لگ سکتے ہیں - ملک صاحب مداخلت کریں گے تو آدھ گھنٹہ بھی ہو سکتا ہے -

ملک محمد اختر : بیس منٹ بولیں ہمیں کوئی اعتراض نہیں لیکن تین اعتراض کریں گے -

details, repetition of others' arguments and repetition of his own arguments.

[Malik Mohammad Akhtar]

یہ تین باتیں ہم نہیں ہونے دیں گے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! آپ نے ملاحظہ فرمایا ہوگا میں نے repetition نہیں کی آخر ان کو پہلے سے بولنے کی کیا ضرورت ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میں نے تو عرض کیا ہے کہ آپ ارشاد فرمائیں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : وہ آپ کی اجازت کے بغیر کھڑے ہوگئے - بولنے لگے اور یہ interruption ہے - آپ اس پر بھی توجہ فرمائیں تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ وہ institution بورڈ آف ٹرسٹیز جو بات رکھیں گے بینک میں ہوگا - آڈٹ ہو گا - وغیرہ وغیرہ لیکن اس کا مصرف کیا ہے اس پیسے کا - اس کا یقین کرنیکی ضرورت تھی مثلاً یہ کہ اگر یہ کہا جائے کہ وہ رقم جو محفوظ ہے مزدوروں کے سلسلے میں انشورنس پالیسی کے تحت جو employees نے pay کی ہے وہ پورے کا پورا سرمایا یقیناً بینک میں محفوظ رہ سکتا ہے - لیکن بورڈ آف ٹرسٹیز کو یہ اختیارات دیئے گئے ہیں کہ وہ اس کو انوسٹ کر سکتا ہے آپ نے جناب چیئرمین ! ملاحظہ فرمایا ہوگا کہ یہاں اس ملک میں اس قسم کے واقعات بھی ہو چکے ہیں کہ جن میں انشورنس کمپنیوں کو سرمایہ دیا گیا اور انہوں نے بہت سی چیزوں میں لگایا اس سرمائے کو - اور وہ پورے کا پورا سرمایہ تباہ ہو گیا یہاں اگر سرمایا فقط بینک میں رہا تو یقناً محفوظ ہوگا لیکن اگر اس کو invest کرینکا اختیار دیا جائے بورڈ آف ٹرسٹیز کو یا institution کو تو ظاہر ہے کہ وہ سرمایہ محفوظ نہیں رہ سکتا - اس لیئے کہ اس میں اس قسم کی کوئی پابندی نہیں لگائی گئی اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ دفعہ مزدوروں کے مفاد میں نہیں ہے - اس لیئے میں آپکی توجہ اس امر کی طرف مبذول کروں گا ملک میں یہ تاثر دیئے جانے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ اب سرمایہ داروں پر مکمل طور سے گرفت کی جا رہی ہے کہ وہ مزدوروں کا جو مفاد ہے اس کے مطابق کام کریں - مزدوروں کے لیئے اتنا سرمایہ وضع ہونے دیں ہر ماہ بہ ماہ ان کی تنخواہوں میں سے کٹتا رہے اور آجر اتنا دیگا اور مزدور اتنا دیگا وغیرہ وغیرہ - بالکل صحیح ہے ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں لیکن جناب چیئرمین ان کی ایک بات قابل اعتراض ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس سے کسی قیمت پر بھی صرف نظر نہیں کیا جا سکتا کہ بورڈ جو ہے وہ جب چاہے جس فیکٹری کو چاہے except کر دے اب آپ خیال فرمائیں -

**Malik Mohammad Akhtar:** On a point of order. This is the principle contained in the Bill and this was discussed earlier. Not only he is repeating his arguments, but he is repeating the arguments of others.

**Mr. Presiding Officer:** My recollection was that this point was discussed.

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : آپ proceeding اٹھا کر دیکھ لیجیے میں نے فرسٹ ریڈنگ میں discuss نہیں کیا -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : مجھے خود یاد ہے کہ یہ .....

خواجہ محمد صفدر : مجھے جناب والا ! کچھ عرض کرنا پڑتا ہے کہ اس موضوع پر کیا باتیں ہو سکتی ہیں - اور کیا نہیں ہو سکتیں میں آپ کو refer کرتا ہوں

*Page* 281. *Third Reading*: On third reading only verbal amendments may be made and the third reading (very important, Sir) is in substance a repetition of the second reading debate, though on the Bill as amended'.

اس کتاب کے مطابق تو صورت حال یہ ہے اور دوسری جس کے متعلق یہ حوالہ دیتے ہیں - Let us thrash it, Sir. صفحہ ۹۸ کو آپ دیکھیں اب جناب والا ! میرے محترم دوست

Now the Rules of Procedure say, 'The discussion on a motion that the Bill be passed shall be confined to the submission of arguments either in support of the Bill or for the rejection of the Bill. In making his speech a member shall not refer to the details of the Bill further than is necessary for the purpose of his arguments which shall be of a general character.'

اعتراض کرتے ہیں کہ principle اس میں lay down کیا گیا ہے - principles تو کئی ہوسکتے ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم اس کی مخالفت کئی وجوہات کی بناء پر کر رہے ہیں جو کچھ اس بل میں لکھا ہوا - اس میں بہت سی باتیں قابل اعتراض ہیں میرے نکتہ نظر کے مطابق Treasury Benches کے نکتہ نظر سے وہ بالکل درست ہونگی اب جب تک اس بات کا خصوصی طور پر حوالہ نہ دیا جائے جیسا کہ مولانا صاحب نے کہا ہے اگر وہ یہ نہ کہتے کہ investment کا اسکو اختیار نہیں ہونا چاہئیے کیونکہ ہمیں اندیشہ ہے کہ یہ investment غلط طریقے سے کیجائیگی اور سرمایہ برباد ہو گا تو پھر ہم کیسے اس بل کے حصہ کی مخالفت کر سکتے ہیں اور کیسے اس پر گفتگو کر سکتے ہیں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : جو کچھ آپ نے کہا ہے وہ ایک حد تک صحیح ہے exemption کے بارے میں مجھے خود یاد ہے کہ اس کے بارے میں ایک amendment آئی تھی اور اِس کے بارے میں اِس ایوان میں کافی تفصیلی گفتگو ہوئی تھی اور وہی وقت جو کہ مولانا صاحب اپنی تقریر میں کہنا چاہ رہے تھے تو جو باتیں کہی جا چکی ہیں اگر ان کو نظر انداز کرکے اسی وقت میں بعض ایسی باتیں کہیں جو نہ کہی گئی ہوں - مولانا صاحب آپ شاید نہیں دیکھتے لیکن میں یہاں موجود تھا -

خواجہ محمد صفدر : بجا فرمایہ آپ نے لیکن میں نے آپ کی خدمت میں یہ عرض کیا ہے- in substance the same arguments which have been advanced during the second reading. If is a sort of repetition of the second reading.

**Mr. Presiding Officer:** There is a clause that arguments shall be of a general character.

خواجہ محمد صفدر : میں تفصیل میں نہیں جا رہا - یہ نشاندھی جو کرنی ہوگی کہ یہ مسئلہ ہے ہمیں اس سے اختلاف ہے -

**Mr. Presiding Officer:** In that case if again my attention is drawn I may have to decide whether it is a general discussion or repetition.

**Malik Mohammad Akhtar:** On another point of order. I would draw your attention to rule 197, because I will have to evoke this rule now. They are forgetting that: 'The Chairman, after having called the attention of the Senate to the conduct of a member who persists in irrelevance or in tedious repetition either of his own arguments or of the arguments used by other members in debate, may direct him to discontinue his speech'. If they do not stop this repetition, the law is clear. The House has to be conduced in accordance with the rules and the constitution, and if they think they can make a joke of the House, I am sorry.

خواجہ محمد صفدر : منسٹر صاحب مذاق کر رہے ہیں -

**Malik Mohammad Akhtar:** Then we will have to evoke this rule.

**Mr. Presiding Officer:** The Law Minister is within his rights to draw attention to the rules which apply to the discussion. I think he is fully within his rights to do so. مولانا صاحب فرمائیے

But I think you will keep in mind the rules that have been cited.

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ وہ صنعتیں کہ جنکے متعلق یہ طے کیا جائے کہ ان سے مزدوروں کے یقیناً مفاوات وابستہ ہیں اور کافی تعداد میں مزدور کام کرتے ہیں اور مزدوروں نے اپنے فنڈز تھے - چندہ تھا وہ اس میں جمع کرایا - آجر نے بھی جمع کرایا لیکن یکایک چند نامعلوم وجوہات کی بناء پر وہ صنعت جو ہے اسکو مستثناء کر دیا جاتا ہے تو ظاہر ہے کہ سوچنے والا یہ سوچ سکتا ہے کہ وہ کیا وجوہات ہیں جنکی وجہ سے فلاں کو مستثناء قرار دیا گیا اس سے شبہات پیدا ہوتے ہیں اس لیئے میں سمجھتا ہوں کہ حقوق کا تحفظ یقیناً ہونا چاہئیے جب کوئی بھی قانون وضع کیا جا رہا ہو ان کے تحفظ کے سلسلے میں اور ان کی معاشی زندگی کو اس قابل بنانے کے لیئے کہ وہ اپنے قدموں پر کھڑے ہوسکیں اور معاشرے کے اندر بہتر سے بہتر مقام حاصل کر سکیں تو یہ تاثر دیا جاتا ہے کہ اس کے جتنے بھی جملہ حقوق ہو سکتے ہیں جس طرح آجر کے مفاوات محفوظ ہیں اسکے بھی محفوظ ہیں لیکن بعض صنعتوں کو مستثناء قرار دینے کے بعد یہ دعوی نہیں کیا جاسکتا ہے کہ مزدور کے حقوق کا مکمل تحفظ ہوگیا ہے - اسکے علاوہ بھی بل کے اندر دفعات موجود ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ان کی جتنی بھی مخالفت کی جائے اس میں یقیناً وزن ہے اسی کے ساتھ ساتھ میرے دوستوں خواجہ محمد صفدر اور کامران صاحب نے بھی تذکرہ کیا ہے -

**Malik Mohammad Akhtar:** Can he repeat his argument?

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میرے خیال میں کوئی معیار یا ٹائم مقرر ہونا چاہیے - ۵ منٹ ٹھیک ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : پہلے آپ اس بات کا فیصلہ فرما دیں کہ کیا ہر ممبر اتنے وقت تک بول سکتا ہے اور تقریر پر پابندی لازمی ہے -

ملک محمد اختر : یہ بھی ہو سکتا ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : وہ بھی میں کر سکتا ہوں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اسئلے میں پوچھ رہا تھا -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : وہ میں کرسکتا ہوں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : دوسری بات یہ ہے کہ میں نے کسی کے آرگومنٹس کو دھرایا نہیں ہے میں تو ریفرنس دے رہا تھا - کیا ریفرنس نہیں دے سکتا

جناب صدارت کنندہ آفیسر : ایک ریفرنس دینا ہوتا ہے اور ایک دھرانا ہوتا ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : انہوں نے کہا تھا کہ آرگومنٹس دھرا رہا ہوں اور میں آرگومنٹس تونہیں دھرا رہا تھا میں تو ریفرنس دے رہا تھا -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اچھا ۵ منٹ کے اندر اگر آپ تقریر ختم کرسکیں تو بڑی نوازش ہو گی -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : یقیناً کوئی شک نہیں ہے - ۵منٹ سے پہلے اگر آپ کہیں تو میں ختم کر سکتا ہوں - بہرحال آپ نے اس کے متعلق فیصلہ نہیں فرمایا میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑا ضروری تھا کہ انہوں نے جو اعتراض اٹھایا ہے کہ وہ کہاں تک valid تھا - اسلئے کہ میں نے ابھی بات بھی شروع نہیں کی تھی اور میں نے ابھی صرف یہ کہا ہے کہ "جیسا کہ ہمارے محترم خواجہ صاحب نے" — ابھی آرگومنٹ تو نہیں دئے تھے اور میں ریفرنس دے رہا تھا اس کے علاوہ یہ آپ کی اجازت کے بغیر بول رہے تھے - آپ نے اس بات کو بھی نوٹ نہیں فرمایا یہ تو الگ بات ہے کہ آپ در گذر فرمالیں آپ کی ان پر خصوصی نظر ہے -

"یہ تیری عنایت ہے کہ رخ تیرا ادھر ہے"

(قہقہے)

[Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi]

ہم سمجھتے تھے کہ زیادہ تر توجہ ادھر ہوتی - بہرحال میں عرض کر رہا تھا کہ ۷۵ روپے اس بل میں مزدوروں کے لئے رکھے گئے ہیں - مزدوروں کی معیشت کو مستحکم کرنے کے لئے، ضعیفی میں، پیرانہ سالی میں یاجب وہ معذور ہو جائیں تو اس کو ایسی امداد مہیا کرنے کے لئے جس سے کہ وہ زندہ رہ سکے معاشرے میں با عزت زندگی بسر کرسکے، بھک نہ مانگے اس مقصد کے لئے مزدوروں کو پنشن دینے کے لئے یہ بل لایا گیا ہے - یہ بالکل ٹھیک ہے - لیکن آپ غور فرمائیں اور مسئلہ کو خالصتاً اقتصادی نقطہ نظر سے دیکھیں اور کسی بھی حیثیت سے بیٹھ جائیے اور جائزہ لے ایک شخص جب ۵۵ سال کی عمر کو پہنچے ''اس کے بچے اور بچیاں بھی ہونگے'' زندگی کے اخراجات بھی روز بروز بڑھ گئے ہوں گے - اور اسکی ذمہداریاں بھی بڑھ گئی ہونگی تو اس آخری عمر میں جا کر اس ''خطیر'' رقم ۷۵ روپے سے کیا کرے گا - میں اسکو ''حقیر'' تو نہیں کہتا کیونکہ بہر حال اس کے لئے بل بنایا گیا ہے جس رقم کے لئے خصوصیت سے بل بنایا گیا ہو وہ بڑی ''خطیر'' ہو گی، ''حقیر'' تو نہیں ہو گی - لیکن ۷۵ روپے جب دیکھے جاتے ہیں تو حقیر معلوم ہوتے ہیں، مزدوروں کو یہ معلوم ہی ہے کہ old age benefits کے نام پر بہت بڑی رقم مہیا کی جا رہی ہے - لیکن جب ان کو معلوم ہوگا کہ کھودا پہاڑ اور نکلا چوہا! - جو وہ خود بھی محسوس کریں گے کہ عجیب و غریب قسم کا بل ہے کہ ساری عمر ان کے نام سے آجروں سے بھی روپیہ لیا گیا اور ان کی تنخواہوں سے روپیہ وضع کیا گیا - جناب والا، بورڈ آف ٹرسٹی اور انسٹیٹیوشن کے ملازم بڑی بڑی تنخواہیں لیں گے جس طرح چاہیں گے اس رقم کو استعمال کریں گے جس طرح چاہیں گے اس کو ڈبوئیں گے اور جیسے چاہیں گے وہ کریں گے - لیکن مزدوروں کو بہر حال ۷۵ روپے ملیں گے مزدوروں کے فنڈ کے محافظ جو ہیں اگر ان افسروں کو دیکھیں جب وہ ریٹائر ہوں گے تو ایک، ایک، دو - دو ہزار روپے پنشن پائیں گے یہ بیورو کریٹس جو ان اداروں کو چلا رہے ہیں لمبی لمبی مراعات پائیں گے - اور مزدوروں کے لئے صرف ۷۵ روپے رکھے گئے ہیں -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : آپ سوشلسٹ ہوتے جا رہے ہیں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں مسلمان ہوں اور اسلامی معشیت کے اس پہلو کو آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں - ہماری معشیت کا اصل نظام معشیت سوشلزم پر مبنی نہیں ہے - اسلام ایک خود اقتصادی نظام ہے - جیسا کہ حضور انور نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ مزدور کی مزدوری پسینہ خشک ہونے سے پہلے مل جائے - دیکھئے نا - اسلام میں instructions موجود ہیں - ہمارا یہی مذہب ہے - جیسا کہ حضور اکرم نے ایک مزدور کے ہاتھ سے مسافت کے بعد فرمایا کہ آپ کے ہاتھ بڑے کھر درے ہیں - اس نے کہا کہ میں کلہاڑی سے لکڑی کاٹتا ہوں - حضور اکرم نے اس کے ہاتھوں کو لیکر بوسہ دیا اور بوسہ کے بعد کہا کہ یہ ہاتھ چومنے کے قابل ہیں کیونکہ مزدوری کرتے

ہیں - محنت کرتے ہیں مزدور کا مقام ہمارے نبی کریم نے بہت بڑا بیان فرمایا ہے - چوتھی صدی کے راہنماؤں نے تو بے شمار مزدوروں کو گولیوں سے ٹھنڈا کر دیا ہے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : یہ ٹھیک نہیں ہے یہ بالکل irrelevant ہے -

(مداخلت)

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : دیکھئیں نا - آپ نے کہا کہ مولانا صاحب سوشلسٹ ہو گئے ہیں - میں نے کہا کہ میں سوشلسٹ نہیں ہوں - اسلامی نظام پر میں یقین رکھتا ہوں اور دنیا بھر میں اس سے بہتر کوئی نظام نہیں ہے -

جناب والا ! اب میں آخر میں چند ضروری گزارشات عرض کوں گا - بعد میں بے جا مداخلت کا خطرہ ہے تو میں عرض کرتا ہوں کہ ۷۵ روپے .....

ملک محمد اختر : چلو، ۷۶ روپے کر دئیے ہیں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جب ان کو صدارت سے ختم کر دیا جائے گا تو یہ مجھے undertaking دیں یہ ۷۵ روپے پنیشن لیں گے -

ایک معزز سنیٹر : وزیر کی پنیشن نہیں ہوتی ہے -

ملک محمد اختر : میں undertaking دیتا ہوں کہ میں پنشن نہیں لوں گا -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : وزرا کی pension نہیں ہوتی ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اس لئیے بھی کہ وہ صاحب جائیداد ہیں لاہور کے متمول خاندان سے تعلق رکھتے ہیں - ان کو ضرورت کیا ہے - یہ تو ایک اقتصادی پہلو تھا اس کے بعد اس کا ایک دوسرا پہلو بھی ہے - اس کے لئے اگر مجھے وقت دیں تو میں اس پر آتا ہوں - تھوڑا بہت وقت دیا جائے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : آپ نے فرمایا تھا کہ یہ آپ کا آخری پوائنٹ ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : یہ اقتصادی پہلو کا آخری point تھا - یہ تو اب دوسرا پہلو ہے اس کا آخری پوائنٹ نہیں ہے - دوسرا اس کا سیاسی پہلو ہے - اس نکتہ نظر سے اگر آپ دیکھیں تو یہ قانون محض سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لئے وضع کیا گیا ہے - یہ بتایا جائے گا کہ ہم نے مزدوروں کے لئے ان کی پینشن کے لئے یہ قانون وضع کیا گیا ہے - اور پینشن کیا ہوگی - کب ملے گی -

[Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi]

اس وقت مزدور پینشن کے لئے مارا مارا پھرتا رہے گا - وہ کہے گا کہ میں نے فیکٹری میں کام کیا ہے - اس کو یہ مژدہ سنایا جائے گا کہ آپ کی فیکٹری کو ہم نے مستثنے قرار دے دیا تھا -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اس کا آپ نے پہلے بھی ذکر کیا ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اس وقت یہ اقتصادی پہلو میں کہا گیا ہے - اب یہ سیاسی پہلو ہے - مزدور کو سنایا جائے گا - جس فیکٹری میں ہم کام کرتے رہے ہیں وہ exempt ہوگئی ہے - اس لئے آپ کی چھٹی ہوگئی ہے -

جناب والا ! اس میں کوئی شک نہیں کہ اس سے سیاسی فائدہ حاصل کرنے کے لئے بل جو ہے اپنے مقام پر اس کی اہمیت ہے لیکن جہاں تک مزدوروں کے مفادات کا تعلق ہے اس میں مزدوروں کے فائدے کے لئے کوئی شق نہیں ہے ان مختصر کلمات کے ساتھ میں اس بل کی مخالفت کرتا ہوں -

**Mr. Presiding Officer:** Is there anybody who would like to speak?

**Voices from Treasury Benches:** No, Sir.

**Mr. Presiding Officer:** I think there are two other Senators who want to speak. Yes, Hashim Ghilzai Sahib.

جناب محمد ہاشم غلزئی (قائد حزب اختلاف) : جناب چئیرمین ! میرے ساتھیوں نے اس بل پر کافی روشنی ڈالی ہے - لیکن ایک دو خاص پہلوؤں کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ کہتے ہیں کہ "ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور کھانے کے اور" اس بل میں یہ کوشش کی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ اس میں مزدوروں کے مفاد کو تحفظ دیا گیا ہے اور اولڈ ایجز میں ان کو پینشن دی جائے گی ایسے قانون بنانے کا کیا فائدہ جو practicable نہ ہوں جس پر عمل نہ ہوسکے -

It is better not to make law which is not practicable.

پندرہ سال کے بعد اس پر عمل ہوگا اور قانون ابھی لایا جا رہا ہے یہ محض ایک حزب اقتدار کی طرف سے سٹنٹ ہے جو عوام کو یہ تاثر دینے کے لئے کہ اس بل میں کوشش کی گئی ہے کہ ہم مزدوروں کے مفاد کے لئے کچھ نہ کچھ کر رہے ہیں لیکن در حقیقت ان کے مفاد کا اس بل میں تحفظ نہیں ہوتا ہے نہ سیاسی طور پر اور نہ کوئی دوسرے طریقے سے دوسری بات اس میں یہ ہے کہ اس میں ایک بات کو مدنظر رکھا گیا ہے جس سے حزب اقتدار فائدہ اٹھانے کی کوشش کرے گی اور وہ یہ ہے کہ اس کی دفعات ایسی رکھی گئی ہیں جن کو سیاسی اغراض کیلئے استعمال کیا جا سکے - یہ صنعتی ادارے جو ہوں گے اور جو مزدوروں کی ٹریڈ یونینز ہوں گی ان میں سے جو حزب اقتدار کی لائن کو toe کریں گی ان کے ساتھ تعاون کریں گی -

ان کو پروٹیکشن دیا جائے گا - ان پر حاوی نہیں ہوگا اور جو حزب اختلاف کے ساتھ تعلق رکھیں گی ان کو جو ہے سیکشن پینتالیس کے تحت سزا دی جائے گی ان کو exempt کیا جائے گا ان سے پیسے نہیں لئے جائیں گے یہ سب سے قابل اعتراض اس بل کا پہلو ہے اور اسے سیاسی اغراض کے لئے استعمال کیا جا سکے اور اس سے سیاسی victimization ہو سکے اس سے مزدوروں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا اسکے علاوہ میں اسکے قانونی پہلو پر زیادہ نہیں کہوں گا صرف یہ کہوں گا کہ اس بل سے مزدوروں کے مفاد کا تحفظ نہیں ہوسکے گا البتہ حزب اقتدار اس کو ایک الیکشن stunt بناکر آئندہ انتخابات میں اس سے فائدہ حاصل کر سکتی ہے -

**Mr. Presiding Officer:** Let the Minister sum it up before I put it to the House. Yes. Mr. Gabol.

**جناب عبدالستار گبول :** جناب چیئرمین ! میں حیران ہوں کہ جسوقت اس بل کی پہلی خواندگی ہو رہی تھی تو حزب اختلاف کے جو اسوقت یہ کہہ رہے تھے اصولاً چونکہ یہ بل مزدوروں کے فائدے کے لئے ہے اس لئے ہم اس کی مخالفت نہیں کرتے لیکن آج جو تقریریں تھرڈ ریڈنگ میں یہاں ہوئی ہیں اس میں بل کی کافی کلازز پر حزب اختلاف کے ممبروں نے کچھ نہ کچھ اعتراضات اٹھائے ہیں اور ساتھ ساتھ یہ کہا کہ یہ بل جو ہے بیکار بل ہے اس کو نافذ کرنا اس وقت درست نہیں ہوگا لہذا اسے واپس لیا جائے جناب چیئرمین ! یہ پہلا بل نہیں ہے جو مزدوروں کے مفاد کے لئے موجودہ گورنمنٹ لائی ہے میرے پاس وہ خوبصورت الفاظ نہیں ہے جو مولانا صاحب نے اپنی تقریر میں ارشاد فرمائے کیونکہ وہ تو ہمیشہ واعظ کرتے ہیں تبلیغ کرتے ہیں اور اس قسم کی باتوں سے یہاں یہ تاثر دینے کی . . .

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** وہ الگ بات ہے کہ میری باتوں کا ان پر اثر نہیں ہوتا -

**جناب عبدالستار گبول :** یہ بل جو ہے سیاسی مقاصد کے لئے لایا گیا ہے کیونکہ کافی تقریریں ہو چکی ہیں اس لئے میں نہیں چاہتا کہ ہر کلاز پر بحث کروں یہاں چونکہ جنرل ڈسکشن ہو رہی ہے تو میں صرف اتنا کہوں گا کہ old age benefits بل جو ہے اس سے پہلے بھی مزدوروں کے فائدے کے لئے دوسرا بل آ چکا ہے اور میں نے گزشتہ ہفتے جو بل پیش کیا ہے اس میں بھی مزدوروں کے مفادات کے لئے کافی باتیں ہیں چند ممبروں نے سب سے اہم بات یہ اٹھائی کہ ورکرز خوش نہیں ہیں کیونکہ اس بل کے تحت جو مراعات ہیں وہ ان کو پندرہ سال کے بعد ملیں گی اور جیسا ابھی لیڈر آف دی اپوزیشن نے کہا کہ پندرہ سال کے بعد ان کو پینشن ملے گی اور یہ ایک سیاسی طریقہ کار ہے جو موجودہ حکومت لارہی ہے تو میں صرف اتنا کہوں گا کہ پینشن لوگوں کو اس وقت ملتی ہے جب وہ ریٹائر ہو جاتے ہیں ہم نے اس بل میں یہ شق رکھی ہے کہ اگر کوئی مزدور بوڑھا ہے اور اس کی

[Mr. Abdul Sattar Gabol]

عمر ۶۰ سال سے اوپر ہے اور ان کی qualifying conditions جو ہے وہ سات سال کی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جس مزدور کی عمر چالیس سال سے زیادہ ہے اس کو اس بل سے سات سال کے بعد فائدہ ہوگا اس کے ساتھ old age benefits ہے یہاں invalidity benefits ہے اور جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ Workmen Compensation Act کے تحت کام کرتے ہوئے اگر کسی مزدور کو کوئی چوٹ لگ جاتی ہے تو اس کو وہاں مراعات ملتی ہیں اس کے ساتھ ساتھ سوشل سیکورٹی اسکیم کے تحت ان کو مراعات ملتی ہیں اور ان کے علاوہ یہاں بہت سی تقریروں میں یہ کہا گیا کہ صنعت کے اوپر ایک بوجھ ہوگا تو موجودہ حکومت کا مقصد یہ ہے کہ مزدور پر بہت کم بوجھ پڑے اور ہم دیکھ رہے ہیں کہ شوشل سیکورٹی اسکیم کا کسی صوبے میں ۶ فیصد اور کسی صوبے میں ۸ فیصد share ہے وہ روپیہ ہم مزدوروں سے نہیں لے رہے بلکہ کارخانہ داروں سے لے رہے ہیں اسی طرح پینشن اسکیم میں جو ہم ۵ فیصد لے رہے ہیں وہ کارخانے دار دیں گے یہ مزدور نہیں دیں گے اس طرح ٹوٹل ۱۵ فیصد یا ۲۰ فیصد بوجھ ہم نے کارخانے دار پر رکھا ہے کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ یہ رقم جو ہے مزدور کی تنخواہ سے کاٹی جائے گی تو مزدور کو کم اجرت ملے گی اور اس کے ساتھ مولانا صاحب نے فرمایا کہ exemption کی کلاز سیاسی مقاصد کے لئے رکھی ہے میں نے جیسا کہ پہلی ریڈنگ میں کہا تھا کہ بہت سی ایسی باڈیاں ہیں جیسے میونیسپل کمیٹی ہے بنک میں جو ہیں اور آرمڈ فورسز ہیں تو ان کے لئے دوسرے رول ہیں اور یہ کہنا کہ ہم مزدوروں کی پینشن اسکیم کے پیسے لے کر آگے چلکر ہم ان کو پینشن نہیں دیں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات درست نہیں ہے اور جن لوگوں کو ہم exempt کر رہے ہیں ان سے ہم کسی قسم کے پیسے نہیں لے رہے پھر ۷۵ روپے کی بات کی کہ یہ بہت کم ہیں اور پندرہ سال کے بعد یہ ۷۵ روپے -

مولانا صاحب اکنامکس میں ہوشیار ہیں لیکن میں کہتا ہوں کہ ایک مزدور کی تنخواہ جو ہے دو سو روپے ہے تو اس چیز کو مدنظر رکھ کر ہم نے ابھی کہا ہے کہ ہم ۷۵ روپے کرتے ہیں اور جیسا کہ سنیٹر کامران نے کہا کہ اس کا ہم حساب لگائیں تو پھر ایک طرف inflation بڑھتی ہے مہنگائی ہوتی ہے تو اس طریقے سے تنخواہیں بڑھتی ہیں اور جب تنخواہیں بڑھیں گی اور وہ وقت آئے گا اور ہم یہ سمجھیں گے کہ ۷۵ روپے جو ہیں کافی نہیں ہیں تو ہم اس رقم کو بڑھا دیں گے اور یہ پینشن اسکیم جو ہے موجودہ حکومت نے پہلی دفعہ نافذ کی ہے ماضی میں کسی حکومت نے پینشن اسکیم جو ہے مزدوروں کے لئے نافذ نہیں کی اور ہم اس کی ابتداء کر رہے ہیں اور ابتداء میں ہم نے اس پر کافی کام کیا ہے اور کام کر رہے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ممبروں نے جیسے کہا کہ مزدور خوش نہیں ہیں تو جہاں تک ہمارا تعلق ہے ہم نے مزدور راہنماؤں سے پوچھا ہے انہوں نے اس بات کو welcome کیا ہے کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ اس کو فوری طور پر ہم لا رہے ہیں اور آگے چلکر ہم نے ایک بنیاد ڈالی ہے اور اس بنیاد سے مزدوروں کو بہت کچھ ملے گا لیکن آج مزدور جو ہیں وہ یقیناً خوش نہیں ہوں گے وہ مزدور جن کو اب مراعات

نہیں ملیں گی لیکن وہ مزدور سمجھتے ھیں کہ آگے چلکر ھمیں پینشن ملے گی اور جیسا کہ میں نے تقریر کے دوران نہیں کہا کہ ہم کسی مزدور کو کچھ نہیں دے رہے ھیں انکو gratuity مل رھی ھے اور option ہیں اور خواجہ صاحب نے کہا کہ ان کو provident fund دینا چاھتے provident fund کے علاوہ مزدوروں کے لئے اور option ھیں اور پاکستان کی ۲۵ سالہ تاریخ میں کسی حکومت نے مزدوروں کو اتنی مراعات نہیں دی جتنی اس حکومت نے دی ھیں اور جیسے ابھی پرائم منسٹر صاحب نے اپنی تقریر میں کہا کہ یہ مراعات جو ھم دے رھے ھیں یہ ایک لائن نہیں ھے جو ھم draw کر رھے ھیں اور اس کے بعد ھم مزدوروں کو کچھ نہیں دیں گے ھم نے الیکشن سے پہلے ان سے وعدے کئے تھے اور ھماری پارٹی کے منشور میں یہ ھے کہ ھم مزدوروں کو مراعات دیں گے یہ کل کے الیکشن کی بات نہیں ھو رہی ھے جیسے کہ یہاں کہا گیا کہ یہ الیکشن کے لئے سیاسی stunt ھے یہ تو ھماری پارٹی کا منشور ھے اور ھم نے ان سے وعدے کئے تھے اور ھمارا مقصد ھے کہ ھم ان وعدوں کو پورا کریں شکریہ -

**Mr. Presiding Officer:** Now, I put the motion to the House.

The question is that the Bill to repeal and re-enact the law relating old-age benefits for Employees' Old-Age Benefits Bill, 1976), be passed.".

(*The motion was adopted*)

**Mr. Presiding Officer:** The Bill is passed.

**Mr. Presiding Officer:** Now, I think we take up item No. 4.

Yes, Malik Mohammad Akhtar.

## LEAVE OF ABSENCE

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai:** Sir, with your permission I want to bring an oral motion before this House.

**Mr. Presiding Officer:** Yes.

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai:** Through you I want to request the House that Mir Abdul Aziz Kurd, Senator who is in jail may be granted leave for this session, because he cannot himself send a letter.

ملک محمد اختر : ھمیں کوئی اعتراض نہیں ھے -

**Mr. Presiding Officer:** Is there any objection to the leave being granted?

(*Pause*)

**Mr. Presiding Officer:** There is no objection from the Law Minister or the Leader of the House.

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, the entire House agrees.

**Mr. Presiding Officer:** So, leave is granted.

Now, we move on to item No. 4, Yes Mr. Law Minister.

## THE CODE OF CRIMINAL PROCEDURE (AMENDMENT) BILL, 1976

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, I beg to move:

> "That the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 1976], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**Mr. Presiding Officer:** The motion moved is:

> "That the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 1976], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**Khawaja Mohammad Safdar:** Opposed.

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, the matter is very simple. The Bill is very simple. We are proposing to amend three sections of the Criminal Procedure Code. No. 1, is section 491. It already debars appeal in cases of persons held up under Security of Pakistan Act, 1952, the State Prisoners Act of 1850 and the Bengal State Prisoners Regulation of 1819.

Sir, the Criminal Procedure Code is an old law. The Security of Pakistan Act, 1952 was included in due course, now is the preventive detention. Sir, the preventive detention is dealt under Article 10 of the Constitution. Still there is a remedy available from a person who is held up under Article 10. He is to be produced before a Review Board and I need not go into the details. Sir, a provision has been made under clause 2 of the Bill that a person who has been detained under preventive detention shall not seek bail.

The second principle involved is that we are not touching other provisions of the bail before arrest. We are inserting section 498A, in order to remove any ambiguity or wrong impression, I do not want to use the word mis-representation. No bail is to be granted to a person who is in custody unless he is in court or against whom a case has been registered. Those are the two pre-requisite conditions and I make a statement with full assertion that only these restrictions are being imposed which make it clear that a bail before arrest shall be only granted if a person appears in the court and a case is registered against him otherwise barring these two restrictions, Sir, we have just specified the powers of the judiciary as well as the executive. The rest of the provisions in respect of bail before arrest (although the point is a debatable point from the viewpoint of the Opposition that we are doing away with the bail before arrest) according a my interpretation and what I have studied and what is aimed at is that no bail before arrest shall be granted if the person is detained. That we have done under preventive laws and that we have done by a recent amendment, I mean the 4th Amendment to the Constitution. We are only bringing it in conformity with that amendment, Sir.

Secondly, Sir, the person who appears before the Court must have a case registered against him and his personal appearance is necessary.

**Mr. Presiding Officer:** There is one point on which I want to consult the Leader of the House. I think there was an understanding that today after having passed the first Bill, we will just introduce this motion and then adjourn.

راو عبدالستار : ٹھیک ہے -

**Malik Mohammad Akhtar:** I don't know but, Sir, the first reading can be completed. First reading can be done.

**Mr. Presiding Officer:** This was an understanding. I think the Law Minister was not aware perhaps of this.

**Malik Mohammad Akhtar:** I am sorry, but I will honour the commitment, if some understanding was made.

**Mr. Presiding Officer:** The Leader of the House knows about it.

**Malik Mohammad Akhtar:** I agree, Sir, but I would like to know from my friends that this is the 7th Bill that we have taken up for consideration today. I have been told by Maulana Sahib that we have passed six Bills. After all what is going to be the time-table of the House—seven Bills in forty days !

راو عبدالستار : اس معاملہ پر ھاوس سے علیحدہ ہی بات ھو سکتی ھے -

**Malik Mohammad Akhtar:** But the public should know. It should be known, Sir, that obstruction is being done in the business.

**Mr. Presiding Officer:** I will draw the Law Minister's attention to the fact that the motion has been made. Now, we were having discussion in the first reading, and there are certain amendments which can be taken up tomorrow. Of course, I think the entire House agrees that we should try to see that the business is transacted quickly.

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, I am honour bound to abide by the agreement but they (referring to the Opposition) should also cooperate and come forward with some sportsman spirit.

**Mr. Presiding Officer:** In that case if Khawaja Safdar agrees I think.

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai:** The question is that we are not delaying the passage of the Bill. It is the ruling party which is always absent. Even today the quorum was not there.

**Mr. Presiding Officer:** The quorum is very much there.

**Malik Mohammad Akhtar:** We are in the quorum.

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai:** In the beginning there was no quorum.

**Mr. Presiding Officer :** I think the Leader of the Opposition would understand that this will raise a new chapter. The point is that we are only deciding now whether we should adjourn the House till tomorrow ? The motion has already been made and we can continue it tomorrow.

**Malik Mohammad Akhtar :** Yes, Sir. I have already concluded my speech in the first reading. Sir, we may have two sessions tomorrow—one in the morning and another in the afternoon.

(*Interruptions*)

**Khawaja Mohammad Safdar :** We may have three sessions. I agree.

**Mr. Presiding Officer :** So, we begin with the session in the morning.

The House is adjourned till 10.00 a.m. tomorrow morning.

---

[*The Senate then adjourned till ten of the Clock in the morning of Tuesday. April* 6, 1976.]

---

PCPPK—L/2032/76/Senate—9 4.77 -250.